DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT OF DELHI

PRACTICE QUESTION PAPER

SESSION: 2024-25

CLASS: VIII

SUBJECT: URDU- III

TIME:2:30 Hrs. Max.Marks :60

عام ہدایات:

(1) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(2) ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(3) جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

سوال 1۔ مندرج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 6

طوطا مینا کو لوگ شوق سے پالتے ہیں۔ یہ دونوں پرندے بولنا بھی سیکھ لیتے ہیں اور جملے کے جملے رٹ لیتے ہیں۔ پھر اس صفائی سے بولتے ہیں کہ حیرت ہوتی ہے۔ طوطا زیادہ تر ہرے رنگ کا ہوتا ہے۔ مینا کا رنگ کالا اور اس کی چونچ پیلی ہوتی ہے۔ طوطے کے بارے میں یہ بات مشہور ہے کہ چاہے اسے کتنی محبت سے رکھو، ایک بار پنجرے سے نکل جانے کے بعد وہ بھی لوٹ کر نہیں آتا۔ اسی لیے بے مروت لوگوں کو طوطا چشم کہا جاتا ہے۔" طوطے کی طرح آنکھیں پھیر لینا۔"

(i) لوگ شوق سے کسے پالتے ہیں؟

(A) بکری

(B) بلی

(C) طوطا مینا

(D) بھینس

(ii) مینا کی چونچ کس رنگ کی ہوتی ہے؟

(A) ہری

(B) نیلی

(C) پیلی

(D) کالی

(iii) بے مروّت لوگوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) دھوکے باز

(B) بدتمیز

(C) بدتہذیب

(D) طوطا چشم

سوال 2۔ مندرج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 6

جو موقع پا کر کھوئے گا　　وہ اشکوں سے منھ دھوئے گا

جو سوئے گا وہ روئے گا　　اور کاٹے گا جو بوئے گا

تو غافل کب تک سوئے گا　　جو ہونا ہوگا ، ہوئے گا

اٹھ باندھ کمر، کیا ڈرتا ہے

پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے

(i) منھ کس سے دھوئے گا؟

(A) پانی

(B) دودھ

(C) اشک

(D) شربت

(ii) جو سوئے گا وہ کیا کرے گا؟

(A) جائے گا

(B) روئے گا

(C) کھوئے گا

(D) دھوئے گا

(iii) شاعر کیا باندھنے کے لیے کہ رہا ہے؟

(A) سامان　　(B) کمر

(C) رسّی　　(D) کپڑا

سوال 3۔ مندرج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ 6

بوعلی سینا اس زمانے کے سائنس داں تھے جب اس علم نے زیادہ ترقی نہیں کی تھی۔ انھوں نے اپنی محنت، لگن اور ذہانت سے سائنس کو بہت فروغ دیا۔ ابن سینا بخارا کے قریب ایک قصبہ میں پیدا ہوئے۔ ان کی باقاعدہ تعلیم کی ابتدا 6 سال کی عمر میں ہوئی۔ ابن سینا کو علم طب اور تحقیق سے بڑی دلچسپی تھی۔ انھوں نے طب میں بڑی مہارت حاصل کی۔

(i) ابن سینا کہاں کے تھے؟

(A) بخارا

(B) دہلی

(C) کابل

(D) لاہور

(ii) ابن سینا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھے؟

(A) استاد

(B) ڈاکٹر

(C) سائنس داں

(D) تاجر

(iii) ابن سینا کو مہارت تھی؟

(A) ریاضی میں

(B) سائنس میں

(C) تدریس میں

(D) کھیل کود میں

سوال 4 مندرج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 6

مستی لٹا رہی ہیں بڑھتی ہوئی گھٹائیں
جنگل سے آرہی ہیں کیا مدبھری ہوائیں

اس دور کی ہوا کو
نیرنگیِ فضا کو
مے کا اثر دیا ہے
ابرِ بہار تو نے!

(i) ہوائیں کہاں سے آرہی ہیں؟

(A) گھٹاؤں سے

(B) دور سے

(C) جنگل سے

(D) ابرِ سے

(ii) گھٹائیں کا کیا مطلب ہے؟

(A) ہوا

(B) اندھیرا

(C) بادل

(D) جنگل

(iii) درج بالا شعری اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(A) عورتوں کا درجہ

(B) ابرِ بہار

(C) صبر کا پھل

(D) ایک لڑکی کا گیت

سوال 5۔ نیچے دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

(i) موسم برسات

(ii) اسکول کا سالانہ جلسہ

(iii) ہمارا ملک ہندوستان

سوال 6۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے تین دن چھٹی کی ایک درخواست لکھیئے 4

یا

دوست کو خط لکھ کر یوم آزادی کے موقع پر وزیر اعظم کے پروگرام کا احوال بیان کیجئے

سوال 7 ۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیے۔ 8

(i) نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو الفاظ کے مترادف لکھیے۔

مکان، امیر، ظلمت، مہتاب

(ii) نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف چار الفاظ کے جمع بنائیے۔

فوج، انعام، ہوا، دوا، عالم

(iii) نیچے دیے گئے محاوروں کے معنی لکھیے۔

بھاری پڑنا قدم اکھڑنا

(iv) نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف چار کے متضاد لکھیے۔

زندگی، جواب، غلامی، آزادی، دشمن، صبح

سوال 8 نیچے دیئے گئے سوالات میں سے کوئی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 9

(i) مشتاق علی کس ٹیم کی جانب سے کرکٹ کھیلتے تھے؟

(ii) سلمیٰ نے ایسا کیوں کہا کہ میں اب جینا چاہتی ہوں؟

(iii) بہادر شاہ ظفر نے فوج کی کمان کس جنرل کو سونپی؟

(iv) لال مرچ کے کیا کیا نقصانات ہیں؟

(V) سبّا لکشمی نے کون سی نئی روایت قایم کی؟

سوال 9 نیچے دیئے گئے سوالات میں سے کوئی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 6

(i) لوک گیت کسے کہتے ہیں؟

(ii) جگنو کس موسم میں دکھائی دیتے ہیں؟

(iii) نظم ایک لڑکی کا گیت کے شاعر کا نام بتائیے؟

(iv) باغ میں کون جاگ رہا تھا؟

سوال.10 خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے بھریے۔ 4

یادگار دلدادوں پیداوار بے وفا

(i) جہاں مرچوں کی ------ تھی وہ زمین نئی دلّی کے نقشے میں آ گئی

(ii) مجھی کو دیکھو اس کے -------- میں ہوں۔

(iii) اس کی ------- میں مرچ نامہ لکھا ہے۔

(iv) مجھے کوئی ------ نہ کہے۔